23/03/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمد اعظمسے خبریں سُنئے

اسمبلی اسپیکر

قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے جموں کشمیر میں جل جیون مشن کی عمل آوری میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کیلئے ایک ہاؤس کمیٹی تشکیل دی ہے۔

اسپیکر موصوف نے کہا کہ کئی ارکانِ اسمبلی کی طرف سے یہ مطالبہ کئی بار کیا گیا تھا کہ اس طرح کی کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جائے ۔ انہوں نے کہا کہ اس بات میں کوئی قباحت نہیں ہے کہ جل جیون مشن میں مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کے لئے ہاوس کمیٹی تشکیل دی جائے ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے راج بھون جمونمیں بہار دوس تقریبات مینشرکت کی۔اس موقعے پر ایل جی نے کہاکہ بہار اپنے روحانیت ، تواریخ اور ثقافتی گونا گونیت کیلئے مانا اور جانا جاتاہے۔

انہوں نے کہا کہ بہار کے لوگوں نے تعلیم، ادب ،سائنس اور ثقافت جیسے شعبوں مینبے مثال کام انجام دیئے ہیں۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر میں اختراع ، ٹیکنالوجی کو بروئے کار لانے اور گورننس سے متعلق مرکز کی با اختیار کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے اس سینٹر کی کار گزاری کا جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں متعلقہ محکموں کے سینئر عہدیدار بھی موجود تھے ۔

اور ایمز جیسے اہمیت کے حامل اداروں میں باہمی تال میل کا ایک کلیدی پلیٹ فارم IIM , IIT کو CITaG چیف سیکریٹری نے قرار دیا ۔

بھنگ

نامی پودے کی کاشت اگر چہ ممنوعہ قرا ر دی گئی ہے تاہم اس میں کچھ ایسی بھی Cannabis Sativa بھنگ یعنی خصوصیات موجود ہیں جنہیں مختلف بیماریونکے علاج مینبرؤے کار لایا جا سکتاہے۔

کے تحت انڈین انسٹی چیوٹ آف انٹیگریٹو میڈیسن جموں کشمیرکی طرف سے اس حوالے سے تحقیقی کام شروع کیاگیا CSIR ہے۔ادارے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمد نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

CSIR-IIIM -

انڈین انسٹی چیوٹ آف انٹیگریٹو میڈیسن کی سرینگر شاخ کی طرف سے جڑی بوٹیوں اور خوشبو دار CSIR اسی دوران سکل ڈیولپمنٹ پروگرام اختتام پذیر ہو گیا Enterpreneurship پودوں میں گو نا گونیت کے موضوع سے منعقدہ سات روزہ ہے ۔

اس پروگرام کا مقصد خواہشمند انٹر پرینیوروں کو مختلف فصلوں خاص طور پر جڑی بوٹیوں اور مشک دار پودوں کی نسبت سے جانکاری فراہم کرنا تھا تاکہ وہ اس طرح کی اختراعی زرعی سرگرمیوں کی بدولت اپنی آمدنی میں اضافہ کر سکیں۔
جموں کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمد بھی موجود تھے ۔ CSIR-IIIM پروگرام کی اختتامی تقریب میں

ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے سرینگر میں ہفتہ بھر تک جاری رہنے والے Career Guidance and Counselling پروگرام کا افتتاح کیا ۔ افتتاحی تقریب گرلز ہائیر سیکنڈری سکول کوٹھی باغ میں منعقد ہوئی ۔

سیشن میں کشمیر صوبے کے سبھی اضلاع سے تعلق رکھنے والے دو سو ماہرین حصہ لے رہے ہیں جو والدین اور ایسے طالب علموں کو رہنمائی فراہم کریں گے جنہوں نے حال ہی میں دسویں اور بارہویں جماعت کا امتحان دیا ہے ۔

ناظم تعلیم نے کہا کہ یہ پروگرام وادی کے سبھی 374 کلسٹروں میں منعقد کئے جائیں گے جن میں والدین کی شرکت لازمی ہو گی ۔

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے ضلع میں بلڈنگ اینڈ Other Construction Workers ویلفئیر بورڈ کے ساتھ رجسٹر شدہ 8 ہزار 593 تعمیراتی ورکروں کے بچوں میں چار کروڑ 42 لاکھ 72 ہزار روپے کی نقد امداد تقسیم کی ۔

اس مالی معاونت میں کئی دیگر مدعوں کے ساتھ ساتھ تعلیمی اخراجات کے لئے بھی مدد شامل ہے ۔اس موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر موصوف نے کہا کہ ورک فورس کی سماجی و اقتصادی بنیاد مضبوط بنانا ضلع انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے ۔

پانی

سرینگر میونسپل کارپویشن کے افسروں اور عملے نے عالمی یوم آب منانے کی غرض سے سبھی میونسپل وارڈوں میں پانی بچانے کا عہد کرتے ہوئے قدرت کی اس انمول کی اہمیت اجا گر کی۔ اصل تقریب SMC کے مرکزی دفتر میں منعقد ہوئی جوائنٹ کمشنر سید عبدالقاسم نے پروگراموں کی قیادت کی ۔

انہوں نے پانی کے منصفانہ استعمال کی اہمیت فوری طور پر سمجھنے پر زور دیا تاکہ اس قیمتی وسیلے کو بچایا جا سکے ۔

دریں اثناءمختلف اضلاع میں بھی کل یوم آب کے موقعہ پر جانکاری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جس دوران عوام سے پانی جیسی نعمت کا منصفانہ استعمال کرتے ہوئے اس کا تحفظ یقینی بنانے کی اپیل کی گئی ۔ اس سلسلے میں ضلع بارہمولہ ، گاندربل ، کولگام ، کپوارہ اور بانڈی پورہ میں خصوصی پروگراموں کا انعقاد ہوا ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ